38073 ـ کیا خون نکلنے سے روزہ باطل ہوجاتا ہے ؟

سوال

روزے دار کا خون نکالنے کا حکم کیا ہے چاہے کم ہویا زیادہ کیا اس سے ورزہ ٹوٹتا ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگرتونکالا گیا خون عرفا قلیل ہوتو اس سے روزہ کو کچھ نقصان نہیں ہوتا اوروہ صحیح ہے اس پرقضاء واجب نہیں ، لیکن اگر عرفی طور پر خون کی مقدار زیادہ ہو پھر اسے اس دن کی قضاء ادا کرنا ہوگي تا کہ اختلاف سے بچا جاسکے ، اوراحتیاط پر عمل کرتے ہوئے بری الذمہ ہوا جاسکے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔ .